روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
ہفتہ 30 جولائی 2005ء 22 جمادی الثانی 1426 ہجری 30 وفا 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 171

ہم تو ہر بات کی تصدیق کرتے ہیں

آنحضرت ﷺ نے ایک بدو سے گھوڑے کا سودا کیا اور رقم لینے کیلئے گھر تشریف لے جا رہے تھے کہ اعرابی نے گھوڑے کی قیمت بڑھا کر دوسروں کو فروخت کرنے کی کوشش کی۔ جب آنحضرتؐ نے فرمایا کہ یہ تو میں خرید چکا ہوں تو اس نے انکار کر کے کہا کوئی گواہ لاؤ۔ حضرت خزیمہؓ نے کہا میں گواہی دیتا ہوں۔ آپؐ نے ان سے پوچھا کہ تم نے کس طرح گواہی دی تو انہوں نے کہا ہم تو آپ کی ہر بات کی تصدیق کرتے ہیں۔ رسول اللہؐ نے اسی وقت سے خزیمہؓ کی گواہی دو آدمیوں کے برابر قرار دی۔

(مسند احمد جلد5ص215حدیث نمبر 20878)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ ایک کان سے سنتے ہیں دوسری طرف نکال دیتے ہیں ان باتوں کو دل میں نہیں اتارتے۔ چاہے جتنی نصیحت کرو مگر ان کو اثر نہیں ہوتا۔ یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ بڑا بے نیاز ہے جب تک کثرت سے اور بار بار اضطراب سے دعا نہیں کی جاتی وہ پرواہ نہیں کرتا۔ دیکھو کسی کی بیوی یا بچہ بیمار ہو یا کسی پر سخت مقدمہ آ جاوے تو ان باتوں کے واسطے اس کو کیسا اضطراب ہوتا ہے۔ پس دعا میں بھی جب تک سچی تڑپ اور حالت اضطراب پیدا نہ ہو تب تک وہ بالکل بے اثر اور بیہودہ کام ہے۔ قبولیت کے واسطے اضطراب شرط ہے۔ (۔)

ہماری جماعت کے لوگوں کو نمونہ بن کر دکھانا چاہئے اگر کسی کی زندگی بیعت کے بعد بھی اسی طرح کی ناپاک اور گندی زندگی ہے جیسا کہ بیعت سے پہلے تھی اور جو شخص ہماری جماعت میں ہو کر برا نمونہ دکھاتا ہے اور عملی یا اعتقادی کمزوری دکھاتا ہے تو وہ ظالم ہے کیونکہ وہ تمام جماعت کو بدنام کرتا ہے اور ہمیں بھی اعتراض کا نشانہ بناتا ہے۔ برے نمونے سے اوروں کو نفرت ہوتی ہے اور اچھے نمونہ سے لوگوں کو رغبت پیدا ہوتی ہے۔

بعض لوگوں کے ہمارے پاس خط آتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ میں اگرچہ آپ کی جماعت میں ابھی داخل نہیں مگر آپ کی جماعت کے بعض لوگوں کے حالات سے البتہ اندازہ لگاتا ہوں کہ اس جماعت کی تعلیم ضرور نیکی پر مشتمل ہے۔ (۔) خدا تعالیٰ بھی انسان کے اعمال کا روزنامچہ بناتا ہے۔ پس انسان کو بھی اپنے حالات کا ایک روزنامچہ تیار کرنا چاہئے اور اس میں غور کرنا چاہئے کہ نیکی میں کہاں تک آگے قدم رکھا ہے۔ انسان کا آج اور کل برابر نہیں ہونے چاہئیں۔ جس کا آج اور کل اس لحاظ سے کہ نیکی میں ترقی کی ہے برابر ہو گیا وہ گھاٹے میں ہے۔ انسان اگر خدا کو ماننے والا اور اسی پر کامل ایمان رکھنے والا ہو تو کبھی ضائع نہیں کیا جاتا بلکہ اس ایک کی خاطر لاکھوں جانیں بچائی جاتی ہیں۔

ایک شخص جو اولیاء اللہ میں سے تھے ان کا ذکر ہے کہ وہ جہاز میں سوار تھے۔ سمندر میں طوفان آ گیا۔ قریب تھا کہ جہاز غرق ہو جاتا۔ اس کی دعا سے بچا لیا گیا اور دعا کے وقت اس کو الہام ہوا کہ تیری خاطر ہم نے سب کو بچا لیا۔ مگر یہ باتیں نرا زبانی جمع خرچ کرنے سے حاصل نہیں ہوتیں۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 455)

تبرکات حضرت مسیح موعود

سیدنا حضرت مسیح موعود کے تمام تبرکات کو تاریخی طور پر مستند قرار دینے کیلئے اعلان ہذا کے ذریعہ ایسے احباب جماعت جن کی تحویل میں سیدنا حضرت مسیح موعود کا کوئی تبرک ہے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ حضرت خلیفۃ المسیح کی قائم فرمودہ تبرکات کمیٹی کو درج ذیل ایڈریس پر اطلاع بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ اطلاع آنے پر ان احباب کی خدمت میں ایک فارم بھجوایا جائے گا جسے پُر کر کے وہ کمیٹی کو واپس بھجوائیں گے۔ اس صورت میں کمیٹی ان تبرکات کا اندراج اپنے ریکارڈ میں محفوظ کر سکے گی۔

(سیکرٹری تبرکات کمیٹی دفتر نظارت تعلیم
ٹیلی فون:0092-4524-212473)

قرب الٰہی پانے کا ذریعہ

بیوت الحمد منصوبہ

قرآن کریم اور احادیث میں بیواؤں، غرباء اور بے سہارا لوگوں کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے اور بہتر سہولتیں مہیا کرنے کو خدا تعالیٰ کے پیار حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ اس عظیم مقصد کے پانے کا بہترین زینہ ہے۔ اس منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹر تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 348)

حضرت مولوی فضل الٰہی صاحب بھیروی (متوفی 25 اگست 1957ء) صاحب بصیرت اور نکتہ رس بزرگ اور مسیح الزماں کے عشاق میں سے تھے آپ کے قلم سے بعض چشم دید روایات زینت قرطاس ہیں۔ آپ کا انداز تحریر اور اسلوب نگارش ایسا پیارا سادہ اور دلنشین ہے کہ فرستادہ حق کے دلکش شمائل و اخلاق کا ہو بہو نقشہ کھینچ دیا ہے۔

حضرت مصلح موعود اس عہد زریں کی یاد سے ہمیشہ تڑپ جاتے تھے۔

وہ شمع رو کہ جسے دیکھ کر ہزاروں شمع
بھڑک اٹھی تھیں بسوز ہزار پروانہ
وہ جس کے چہرہ سے ظاہر تھا نور ربانی
ملک کو بھی جو بناتا تھا اپنا دیوانہ
کہاں ہے وہ کہ مَلوں آنکھیں اس کے تلووں سے
کہاں ہے وہ کہ گروں اس پہ مثل پروانہ

(الفضل یکم جنوری 1933ء)

ضبط نفس کا ناقابل تسخیر قلعہ

حضرت مولوی فضل الٰہی صاحب فرماتے ہیں:۔

"غالباً 1893ء کا ذکر ہے کہ حضرت مسیح موعود دہلی کے سفر سے مع اہل وعیال امرتسر تشریف لائے۔ حضور نے شیخ نور احمد صاحب کے مکان پر قیام کیا............

امرتسر میں حافظ عبدالرحمان صاحب سیاح امرتسری بھی ہوتے تھے۔ انہوں نے مجھے بتلایا کہ حضرت مرزا صاحب یہاں آئے ہوئے ہیں۔ تو میں بھی حاضر خدمت ہو گیا۔ وہاں کچھ چٹائیاں بچھی ہوئی تھیں۔ اور کچھ لوگ بیٹھے تھے۔ حضور جب تشریف لائے تو محمد یوسف صاحب ضلعدار ایک خواب سناتے رہے۔ جس میں قادیان کا بھی ذکر تھا۔ میں حضور کے پاؤں دبا رہا تھا۔ اتنے میں ایک سقہ جو غزنویوں کا مرید تھا۔ آیا۔ اس نے گستاخی سے حضور کو مخاطب کیا۔ اور کہا کہ تم نے دین کو برباد کر دیا۔ اور اس نے بہت سی یاوہ گوئی کی۔ جس سے غیر احمدی شرفاء کو بھی اس کی اس بے ہودگی پر تکلیف محسوس ہوئی۔ انہوں نے اس کو دبانا چاہا۔ آپ نے ان کو منع فرمایا۔ اور فرمایا کہ مولویوں نے اسے بہکایا ہے۔ اسے چھوڑ دیں۔ اس کا کوئی قصور معلوم نہیں ہوتا۔ میں اس وقت نوجوان تھا۔ اور مجھے اس وقت سخت حیرانی تھی کہ حضرت اقدس کس طرح اس کی اس قسم کی باتیں برداشت کر رہے ہیں۔ میں حضور کی نرمی اور قوت ضبط کو دیکھ کر حیران ہو گیا۔"

(الحکم 28 اگست 1935ء)

میں مذہب کا زندہ نمونہ ہوں اور خدا تک پہنچا سکتا ہوں

"لاہور میں جس مکان میں حضور قیام فرما تھے وہاں مشن کالج کے لوگ بھی آیا کرتے تھے اور کالجوں کے طلبہ بھی کثرت سے آیا کرتے تھے۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور کوئی تقریر فرمائیں تا کہ آپ کی زیارت بھی ہو سکے اور لوگ آپ سے فیض یاب بھی ہو سکیں فرمایا

دنیا میں واعظ اور لیکچرار کثرت سے ہیں۔ ہر مذہب کے لوگ اپنی طرف دعوت دیتے ہیں مگر مذہب کے اصطلاحی معنی اس راستے کے ہیں۔ جو خدا تک پہنچنے والا ہو۔ سب کا دعویٰ ہے کہ ہمارا مذہب ایک ایسی راہ ہے جو خدا تک پہنچتی ہے۔ چنانچہ میرا بھی یہی دعویٰ ہے۔ کہ (۔) ہی خدا تک پہنچانے والا ہے۔ ہر مذہب وملت کے لوگ یہاں بیٹھے ہیں میں ان سے سوال کرتا ہوں۔ کہ آپ لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے۔ جو یہاں کھڑے ہو کر بیان کرے کہ وہ اپنے مذہب پر چل کر خدا تک پہنچ گیا ہے مذہب کے راستے کے متعلق ایک مثال بیان فرمائی۔ کہ جس طرح میانمیر کو لوگ جانے والے ہوں۔ اور وہ میانمیر کی راہ پوچھیں۔ اور لوگ انہیں مختلف راہیں بتلائیں۔ مگر صحیح راہ وہ ہی ہو سکے گی جس پر چل کر کوئی میانمیر کے دروازہ تک پہنچ جائے۔ یا کم از کم میانمیر کے درخت و مکانات وغیرہ ہی نظر آ جائیں۔ اور اسے میانمیر کی معرفت حاصل ہو جائے اور اگر کوئی جماعت باوجود اس کے چلتی رہے اور میانمیر نہ پہونچے تو وہ یقیناً سمجھ لے گی کہ ہم غلط راہ پر ہیں۔ ورنہ میانمیر پہونچ جاتے۔ مگر بعض ہٹ دھرم یہ خیال نہیں کرتے اور غلط راہ پر ہی چلتے چلے جاتے ہیں۔ میں اب لوگوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا تم میں سے کوئی کہہ سکتا ہے کہ میں جس مذہب کی (۔) کرتا ہوں میں اس مذہب پر چالیس یا پچاس یا ساٹھ سال تک چل کر خدا تعالیٰ تک پہنچ گیا۔ اور یہ کہ میں ایک زندہ گواہ ہوں اس بات کا کہ یہ مذہب سچا مذہب ہے مگر کوئی نہ اٹھا۔ فرمایا:۔

بے شک یہی سوال تم مجھ پر کرو گے مگر یقین رکھو میں مذہب کا زندہ نمونہ ہوں۔ اور اگر کوئی شخص مذہب کی معرفت حاصل کرنا چاہے۔ تو میں اسے خدا تک پہنچا سکتا ہوں۔

اور اگر تم میں سے کوئی صاف دل ہو کر چالیس دن میرے پاس رہے۔ تو اسے حق الیقین کے طور پر خدا کی معرفت حاصل ہو جائے گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ جس طرح ہلال دکھانے کے لئے کسی کی توجہ ہر طرف سے ہٹا کر ہلال کی طرف متوجہ کی جاتی ہے اس طرح آپ میں سے میری صحبت میں آنے والے کو تمام علائق لغو سے علیحدہ ہونا پڑے گا۔

دعاؤں کی حکمت

حضرت مولوی فضل الٰہی صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

ایک دن میں نے مغرب کی نماز مرزا ایوب بیگ صاحب کے ڈیرے پر پڑھی۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب بھی وہیں تھے۔ مرزا ایوب بیگ صاحب کی نماز الصلوٰۃ معراج المومن" کا رنگ رکھتی تھی۔ وہ جب نماز پڑھتے تھے۔ تو دنیا کے خیالات سے لاپرواہ ہوتے اور ان کی آنکھوں سے آنسو گرا کرتے تھے۔ اس دن انہوں نے غیر معمولی طور پر لمبی نماز پڑھی ہے۔ نماز کے بعد سب لوگ بیٹھ گئے تو ان سے پوچھا گیا۔ کہ آج نماز تو آپ نے بہت لمبی پڑھی ہے؟ اس کی کیا وجہ ہے؟ پہلے تو آپ نے نہ بتلایا۔ مگر اصرار پر کہا کہ جب درود پڑھنے لگا تو مجھے کشف ہوا کہ.........ایک پلیٹ فارم پر ٹہل رہے ہیں۔ اور دعا مانگ رہے ہیں۔ آپ نے عربی الفاظ بھی بتلائے۔ اور دعا کا ترجمہ بھی بتلایا **جس کا مطلب یہ تھا کہ اے خدا میری امت کو ضلالت سے بچا۔ اور اس کی کشتی کو پار لگا۔ میں اس دعا کے ساتھ آمین کہتا رہا پھر میں نے حضرت مسیح موعود کو دیکھا کہ وہ دعا مانگ رہے ہیں ....پس جب حضرت مسیح موعود نے دعا ختم کی۔ تو میں نے بھی نماز ختم کر دی۔**

میں نے ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کی خدمت میں عرض کی کہ مرزا ایوب بیگ صاحب بہت بیمار ہیں۔ حضور ان کے لئے کوئی خاص دعا فرماویں۔ فرمایا مجھے ایوب بیگ کے لئے بڑی تڑپ ہے۔ کہ میں ان کے لئے خاص دعا کروں۔ کئی دفعہ میں نے ان کی خاطر نماز شروع کی ہے مگر نماز کے بعد ان کا خیال آتا ہے نماز میں یاد ہی نہیں رہتے۔ تب میں نے سمجھ لیا کہ یہ ان کے آخری دن ہیں۔ اور ایسا ہی ہوا۔

(الحکم 28 اگست 1935ء)

ع
وہی مے ان کو ساقی نے پلا دی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

پیار کی جوت جگاتا جا!

تن من ہی جب ہار چکے، تکرار کریں پھر کیسے یار
ہم تو پیار کا موسم مانگیں جو چاہے وہ دے دے یار

ہر نیناں سے نین ملائے، ہر دل کو دلدار کیا
جگ ماہی کی خاطر ہم نے جگ سارے سے پیار کیا

یار رشید، اس پیاسے بن میں ساون گیت سناتا جا
پیار کی جوت جگاتا جا اور دیپ سے دیپ جلاتا جا

باقی اس کا کام وہ کیسے اپنا قول نبھاتا ہے
برق گراتا ہے دشمن پر یا کنکر برساتا ہے

رشید قیصرانی

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت چار روپے

خدا کرے ہم میں سے ہر ایک کو خداتعالیٰ کا پیار حاصل ہوجائے

جلسہ ہائے سالانہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی بعض دعائیں

اپنے اوقات کو ضائع نہ کریں، دعاؤں میں اپنا وقت خرچ کریں

مرتبہ: انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنی خلافت کے پہلے مرکزی جلسہ سالانہ (ربوہ) پر احباب جماعت کو مخاطب کرکے ایک خوشخبری کا اعلان کیا کہ

’’میں نے آپ کی تسکین قلب کے لئے، آپ کے بار ہلکا کرنے کے لئے، آپ کی پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے اپنے رب رحیم سے قبولیت دعا کا نشان مانگا ہے اور مجھے پورا یقین اور پورا بھروسہ ہے اس پاک ذات پر کہ وہ میری اس التجا کو رد نہیں کرے گا۔‘‘ (خطاب فرمودہ 19 دسمبر 1965ء)

چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے یہ پاکیزہ طریق اختیار فرمالیا تھا کہ قرآن کریم اور احادیث میں بیان کردہ دعاؤں کا خلاصہ نہایت خوبصورت اور سلیس اردو الفاظ میں اپنے افتتاحی خطاب میں بیان کردیتے تھے۔ بعض مسنون دعاؤں کا نہایت احسن مفہوم آپ نے اردو میں بیان فرمایا۔ چنانچہ آپ کے 1975ء تک کے افتتاحی خطاب ’’جلسہ سالانہ کی دعائیں‘‘ کے عنوان سے آپ کی زندگی میں ہی شائع ہوگئے تھے۔

اس مضمون میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی بعض دعائیں (جو مسنون عربی دعاؤں کا بہترین مفہوم ہیں) پیش کی جارہی ہیں۔

ہماری دعائیں سورۃ فاتحہ سے شروع ہوتی ہیں ...... ہمارا اللہ رب العالمین ہے، ہمارا اللہ رحمٰن ہے، ہمارا اللہ رحیم ہے۔ ہمارا اللہ مالک یوم الدین ہے اور ہمیں یہ حکم ہے کہ ...... اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کا رنگ اپنے اوپر چڑھاؤ اور پھر ...... ان صفات کے جلوؤں کے نتیجہ میں انسان کو بہت سی طاقتیں اور استعدادیں حاصل ہوتی ہیں اس لئے ...... خدا سے یہ دعا کرو کہ اے خدا جو قوتیں اور استعدادیں تو نے دی ہیں انہیں احسن اور بہتر رنگ میں استعمال کرنے اور ان استعدادوں سے پورا فائدہ اٹھانے کی ہمیں توفیق عطا کر (پھر چونکہ انسان بہت سی ترقیات کے لئے پیدا کیا گیا ہے اس لئے) ...... اے خدا جو کچھ تو نے دیا ہے اس سے جب ہم پورا فائدہ اٹھالیں تو وہ ہماری آخری منزل تو نہیں ہے اس کے بعد مزید منزلوں نے آنا ہے پس ان کے لئے جن جن استعدادوں اور قوتوں کی ہمیں ضرورت ہو وہ عطا کر اور اپنے صراط مستقیم پر ہمیں قائم کردے اور اپنی رضا کی جنتوں میں ہمیں داخل کرلے‘‘

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1975ء)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا کا ترجمہ:۔

اے میرے اللہ! میرے نائبین اور میرے خلفاء پر رحم کر جو میرے بعد آئیں گے اور میری باتیں اور میری سنت دنیا کے سامنے بیان کریں گے اور میری باتیں اور میری سنت ہی دنیا کو سکھائیں گے۔

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1975ء)

’’اے میرے اللہ! میری خطا اور میری نادانی اور کاموں میں اسراف معاف فرما اور ان باتوں کو بھی جن کو تو مجھ سے بھی زیادہ جانتا ہے۔ اے میرے اللہ! میری دانستہ اور نادانستہ، میری سنجیدہ اور ناسنجیدہ ہر قسم کی لغزشوں کو معاف فرمادے۔ اے میرے اللہ! جو مخفی اور ظاہر خطائیں مجھ سے سرزد ہوگئیں یا آئندہ ہوں گی ان سے درگزر فرما۔ الٰہی تو ہی آگے بڑھانے والا اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے اور تو ہر ایک عمل پر قادر ہے۔‘‘

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 1975ء)

حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی نے اس دعا کے ایک حصے کا مفہوم ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

اے میرے اللہ! میرے اعمال کے بدنتائج سے مجھے محفوظ رکھ اور میری خطاؤں کے نتائج سے بھی۔ میں اپنی ناواقفیت کی وجہ سے کوئی کام جو کرنا ہو نہ کروں یا کوئی کام جس حد تک مناسب تھا اس سے زیادہ کربیٹھوں اور جسے تو میری نسبت زیادہ جانتا ہے تو اس کے نتائج سے بھی محفوظ رکھ۔ اے اللہ! اگر کوئی بات میں بے دھیان کہہ بیٹھوں یا متانت سے کہوں غلطی سے کہوں یا جان کر کہوں اور یہ سب کچھ مجھ سے ممکن ہے۔ پس تو ان میں سے اگر کسی فعل کا نتیجہ بد نکلتا ہو تو اس سے مجھے محفوظ رکھیو۔

(بحوالہ سیرۃ النبیؐ مؤلفہ حضرت مصلح موعود)

’’اے میرے اللہ! میرے دل کو اپنے نور سے بھر دے۔ میری زبان کو حسن بیان عطا کر، میری آنکھوں کو نور بصیرت اور نور بصارت دے اور مجھے حسن سماع کی توفیق عطا کر۔ میرے دائیں اور میرے بائیں، میرے اوپر اور میرے نیچے نور ہی نور پیدا کردے۔ میرے آگے اور میرے پیچھے نور ہی نور ہو۔ میری روح کی گہرائیوں میں تیرا نور ہی موجزن رہے۔ مجھے بے حد نور عطا کر۔‘‘ (جلسہ سالانہ 26 دسمبر 1975ء)

اے ہمارے رب! تو نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نوع انسانی کے لئے ایک کامل نور بنا کر بھیجا۔ تو نے اس نور سے ہمیں بھی حصہ دیا۔ اپنی رحمت اور فضل سے۔ اے خدا اس نور کو ہمارے لئے مکمل کر تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1980ء)

’’اے ہمارے رب! اپنے قہر کی گرفت سے ہمیں محفوظ رکھیو۔ تیرے غصہ کی ہمیں برداشت نہیں۔ تیری گرفت شدید ہے۔ کچل کر رکھ دیتی اور ہلاک کردیتی ہے۔ ہم عاصی ہیں ہمیں معاف فرما۔ ہم سے گناہ پر گناہ ہوا۔ کوتاہی پر کوتاہی، اپنی رحمت کی وسیع چادر میں ہماری سب کمزوریوں کو چھپالے۔ ہمیں اپنی رحمتوں سے ہمیشہ نوازتا رہ۔ تو ہمارا محبوب آقا ہے۔ تیرے دامن کو ہم نے پکڑا۔ دامن جھٹک کے ہمیں پرے نہ پھینک دینا۔ ہماری پکار کو سن اور (دین) کے ناشکرے منکروں کے خلاف ہماری مدد کو آ اور ان کے شر سے ہمیں محفوظ رکھ۔ اے ہمارے رب! تیری راہ میں جو بھی سختیاں اور آزمائشیں ہم پر آئیں ان کے برداشت کی قوت اور طاقت ہمیں بخش اور سختیوں اور آزمائشوں کے میدان میں ہمیں ثبات قدم عطا کر، ہمارے پاؤں میں لغزش نہ آئے اور اپنے اور (دین) کے دشمن کے خلاف ہماری مدد کر اور ہماری کامیابیوں کے سامان تو خود اپنے فضل سے پیدا کردے۔‘‘

(جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1968ء)

اے میرے اللہ! ہمیں اپنی وہ خشیت عطا فرما جو ہمیں گناہوں سے روک دے اور اپنی وہ فرمانبرداری عطا کر جس کے ذریعہ سے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچادے اور وہ یقین عطا کر جو دنیا کی مصیبتیں ہم پر آسان کردے اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمارے کان، آنکھ اور دوسری قوتیں سلامت رہیں اور ہماری نسلیں بھی تیری ان عنایات کی مستحق ٹھہریں اور جو ہم پر ظلم کرے ہماری طرف سے تو ہی ان سے انتقام لے اور جو ہم سے دشمنی کرے ان کے خلاف ہماری مدد کر اور ہمارے دین کے بارہ میں ہم پر کوئی مصیبت نہ ڈال اور دنیا کو ہمارا سب سے بڑا مقصد اور ہمارے علم کی انتہا نہ بنا اور ہم پر کوئی ایسا شخص مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1975ء)

’’اے ہمارے رب! ہمیں اپنی رحمت سے نواز۔ اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں اپنی مخلوق کے لئے رحمت کے جذبات پیدا کر اور اے ہمارے مولا ہمیں آزادی اور کامیابی کا رستہ دکھا۔‘‘

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1980ء غیر مطبوعہ)

’’اے ہمارے رب! کون کسی کا ہوتا ہے۔ ہم تیرے نالائق مزدور، دنیا کے دھتکارے ہوئے ہیں مگر ہیں تو تیرے۔ اے ہمارے رب! تو بہتر جانتا ہے کہ کس چیز میں ہماری بھلائی ہے۔ پس تو جو کچھ بھی بھلائی کا سامان ہمارے لئے کرے ہم اس کے محتاج ہیں‘‘۔

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1980ء غیر مطبوعہ)

اے ہمارے رب! ہم تمام دوسرے ارباب سے توبہ کرتے ہوئے تیری طرف لوٹتے ہیں۔ انسان نے بہت سے ارباب بنالئے۔ اپنے حیلوں اور دغا بازیوں پر اسے بھروسہ ہوگیا۔ اپنے علم یا قوت بازو کا انہیں گھمنڈ، اپنے حسن یا مال و دولت پر انہیں فخر۔ اسی طرح کے ہزاروں اسباب ہیں جو ان کی زندگیوں کے ساتھ بطور ارباب کے لگے ہوئے ہیں۔ اے خدا! ہم نے ان سب ارباب کو ترک کیا۔ ان سے بیزار ہوئے۔ اے واحد لاشریک، سچے اور حقیقی رب! ہم تیرے حضور سرنیاز کو جھکاتے ہیں۔ اے خدا! ہماری دعاؤں کو سن اور ہماری مرادوں کو پورا کر اور اپنے وعدوں کو جو اس زمانہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہماری زندگی میں ہمیں دکھا۔‘‘

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1980ء غیر مطبوعہ)

ہم دعاؤں کے ساتھ اس جلسہ کو شروع کرتے ہیں۔ ہم دعائیں کرتے ہوئے اس جلسے کے ایام کو گزارتے ہیں اور دعاؤں پر اس جلسہ کو ختم کرتے ہیں ...... سب سے بڑی اور اہم دعا ...... ہماری ذمہ واری کے لحاظ سے وہ یہ ہے کہ ہم نوع انسانی کے لئے دعا کریں۔ بھٹک گیا انسان۔ اپنے پیدا کرنے والے رب کریم سے دور چلا گیا انسان، اسے بھول چکا انسان، جس غرض کے لئے جس مقصد کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا تھا، وہ مقصد ہی اسے یاد نہیں رہا۔ دعائیں کریں کہ انسان جس مقصد کے لئے پیدا کیا گیا تھا اس مقصد کو سمجھنے لگے اور اپنے پیدا کرنے والے رب کی طرف واپس آئے۔ ایسی راہوں کو اختیار کرے کہ جو اس دوری کو قرب میں بدلنے والی ہوں جو خداتعالیٰ کے غضب کو اس کے پیار میں تبدیل کرنے والی ہوں۔ ان راہوں کو وہ اختیار کرے۔‘‘

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1979ء غیر مطبوعہ)

”ہماری یہ دعا ہے کہ حضرت مسیح موعود......نے اس جلسہ کے متعلق جو دعائیں کی ہیں اپنی جماعت کے اس حصہ کے لئے ہو جو یہاں آنے والے ہیں یا نہیں آنے والے اللہ تعالیٰ ہم سب کے حق میں وہ ساری ہی دعائیں قبول فرمائے اور ان کا ہمیں وارث بنائے اور آسمان سے فرشتوں کے نزول کے ساتھ ہماری نصرت اور مدد فرمائے اور (دین) کا یہ قافلہ زیادہ تیزی کے ساتھ شاہراہ غلبۂ (دین) پر آگے ہی آگے بڑھتا چلا جائے۔“

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 10 دسمبر 1976ء)

خدا سے یہ دعا کریں کہ

”اے خدا! جس غرض کے لئے تو نے حضرت مسیح موعود ...... کو مبعوث فرمایا ہے وہ غرض ہماری زندگیوں میں پوری ہو اور آپ کی بعثت کی غرض کو پورا کرنے کے لئے اب نئی نسلوں کے کندھوں پر بوجھ پڑنے ہیں۔ ہم ان نئی نسلوں میں شامل ہیں۔ ہمارے بعد اور نئی نسلیں آئیں گی۔ میں بخیل نہیں ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے جتنی تمہیں خدمت دین کی توفیق ملے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ تمہیں مجھ سے بڑھ کر توفیق ملے خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانیاں دینے کی اور مجھ سے زیادہ تم اس کے فضلوں کے وارث بنو......اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو ہماری نسلیں اس ذمہ داری کو پورا کرنے والی ہوں۔“

(جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1978ء)

(دین) ایک بڑا عظیم مذہب ہے۔ اس نے دعا کے لئے کسی جگہ یا وقت کی تعین نہیں کی۔ انسان ہر وقت اور ہر جگہ دعا کر سکتا ہے۔ بعض چھوٹے چھوٹے استثناء ہیں جو اس قابل بھی نہیں کہ ان کا ذکر کیا جائے۔ بہرحال ہر وقت دعائیں کریں۔ دوسروں کو دعائیں دیں۔ ہمارے (مربیان) جو باہر گئے ہوئے ہیں ان کے لئے دعائیں کریں۔ اپنے نفس کے لئے دعائیں کریں۔ اصل میں تو اگر احمدیت کی طرف منسوب ہونے والا ہر نفس خدا کی نگاہ میں پاک اور مطہر بن جائے تو پھر ہمیں اور کیا چاہئے۔ ہمیں تو خدا تعالیٰ کا پیار چاہئے۔ خدا کرے ہم میں سے ہر ایک کو خدتعالیٰ کا پیار حاصل ہو جائے۔ فرشتے ہر ایک پر خدا تعالیٰ کی رحمتیں لے کر نازل ہوں۔ ہمارے بچوں پر بھی اور ہمارے بڑوں پر بھی۔ ہمارے مردوں پر بھی اور ہماری عورتوں پر بھی خدا تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں۔

پس اپنے اوقات کو ضائع نہ کریں۔ دعاؤں میں اپنا وقت خرچ کریں۔“

(جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1977ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے دل سے جو نیک جذبات دعائیں بن کر اٹھے اس کی یہ ایک جھلک ہے ورنہ آپ کے سبھی خطاب دعاؤں سے لبریز ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی سب دعائیں اپنے فضل سے قبول فرمائے اور آپ کے درجات بلند فرماتا رہے اور آپ کی اولاد اور خاندان اور عالمگیر جماعت پر فضل فرماتا چلا جائے۔

انگریزی سے ترجمہ......... ڈاکٹر خواجہ وحید احمد صاحب

ذہنی دباؤ کا مقابلہ کیجئے

امریکن انسٹیٹیوٹ آف سٹریس (Stress) کی رپورٹ کے مطابق وہ لوگ جو جنرل پریکٹس کرنے والے ڈاکٹروں کے پاس جاتے ہیں ان کی نوے فیصد وجوہات کا تعلق ذہنی دباؤ سے پیدا ہونے والی امراض سے ہوتا ہے بڑی عمر کے لوگ ہوں یا بچے بلکہ پالتو جانور بھی سب ہی ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ذہنی دباؤ سے پیدا ہونے والے بُرے اثرات سے بچے رہنا کسی شخص کے بھی بس میں نہیں ہوتا اور تو اور ڈاکٹر حضرات بھی جو کہ ذہنی دباؤ کے بارہ میں بڑی معلومات رکھتے ہیں وقتاً فوقتاً اس کا شکار ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ یاد رکھئے ذہنی دباؤ سے بُرے اثرات جسم پر اس وقت نمودار ہوتے ہیں جب ہمارے جسم کسی پیش آمدہ چیلنج کا مقابلہ کے لئے تیار ہوتے ہیں خواہ وہ چیلنج ذہنی سوچ کا ہو یا جسمانی۔ اس پیش آمدہ چیلنج کے دوران اصل میں جسم کے اندر کے عمومی معمولات میں ایک ہیجان کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے دوران خون بڑھنے لگتا ہے جس سے دل کی دھڑکن اور سانس لینے کی رفتار میں تیزی آ جاتی ہے اور اس سارے عمل کے نتیجہ میں خون عام حالات کی نسبت تین سے چار بار تک زیادہ پٹھوں وغیرہ میں دوڑنے لگتا ہے۔

ذہنی یا جسمانی دباؤ کے نتیجہ میں جسم پر ہونے والے اس اثر کو ”(Fight یا Flight Response)“ کا نام دیا گیا ہے۔ یعنی ہم جسم پر ہیجان پیدا کرنے والی وجہ کا جواب یا تو اسی شدت سے مقابلہ کر کے دیتے ہیں یا پھر راہ فرار اختیار کرنا مناسب سمجھتے ہیں۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اکثر دفعہ ہم ان دونوں کاموں میں سے کسی ایک کو بھی اختیار نہیں کرتے اور یہی ”کچھ بھی نہ کرنے“ کی جو حالت ہوتی ہے نتیجتاً ہمیں ذہنی دباؤ کا شکار کر دیتی ہے۔ دراصل جب ہم کسی چیلنج کا سامنا کرتے ہیں تو ہمارے جسم میں اس چیلنج کے مقابلہ کا ایک ہارمون یا مادہ جسے کہ Adrenaline کہا جاتا ہے زائد مقدار میں فوراً پیدا ہو کر خون میں شامل ہو جاتا ہے۔ کسی بھی چیلنج کے نتیجہ میں ہم جب Fight (لڑنا) یا Flee (بھاگنا) دونوں میں سے کسی کو بھی اختیار نہیں کرتے تو خون میں شامل یہ ہارمون Adrenaline جو کہ ہم نے استعمال ہی نہیں کیا ہماری روزمرہ کی ضرورت سے بڑھ جاتا ہے اور نتیجتاً ہمیں مختلف ذہنی اور جسمانی برے اثرات دے جاتا ہے۔

ذہنی دباؤ کا مقابلہ کیسے کیا جا سکتا ہے آیئے دیکھتے ہیں اس کے متعلق ماہرین کی کیا رائے ہے۔

مس سوسن مائیکل ایک غذائی ماہر ہیں وہ ذہنی دباؤ کے اثرات سے بچاؤ کو ”The Eat Plan“ کہتی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ ذہنی دباؤ کے مقابلہ کا ان کا پہلا طریق کھانے سے منسلک ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ جب وہ خود ذہنی دباؤ کا شکار ہوتی ہیں تو وہ بہت زیادہ کھا پی نہیں سکتیں۔ مگر ذہنی دباؤ کی حالت میں جب وہ کم کھاتی ہیں تو ان کا تجربہ ہے کہ ان کی طاقت پہلے سے بڑھ جاتی ہے اور وہ اپنے آپ کو بہتر محسوس کرتی ہیں اور اپنے جسم کو ذہنی دباؤ کے اثرات کا مقابلہ کے لئے زیادہ تیار پاتی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ کافی سال پہلے ان کی بھوک اس وقت ختم ہو کر رہ گئی تھی جبکہ وہ اس وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار تھیں کہ انہیں طلاق دے دی گئی تھی اور خاندان کے چند افراد بھی اچانک فوت ہو گئے تھے۔ لیکن بطور ایک غذائی ماہر کے انہوں نے اور ان کی ایک ساتھی نے آخرکار ذہنی دباؤ کے مقابلہ کا کوئی نہ کوئی مثبت حل سوچ ہی لیا اور وہ محض اتنا ہے کہ صحت مندانہ طریق پر کھایئے۔ ایک وقت میں تھوڑا کھایئے بے شک بار بار کھا لیجئے بجائے اس کے کہ دو یا تین بار بہت پیٹ بھر کر کھایا جائے۔ ان کا تجربہ انہیں بتاتا ہے کہ تھوڑا اور بار بار کھانا چونکہ کم بھوکا رکھتا ہے۔ بھوک کی وجہ سے ذہنی دباؤ میں جو زیادتی ہونے کا احتمال ہے اس سے بچا جا سکتا ہے۔ وہ اپنے اس نسخے میں باقاعدہ کی جانے والی ورزش کو بھی شامل کرنے کی تلقین کرتی ہیں۔

مسٹر گلیزر امریکہ میں اوھایو یونیورسٹی کے شعبہ نفسیات کے ڈائریکٹر ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ ضروری نہیں کہ ایک بڑا احادثہ ہی ہمیں ذہنی دباؤ کا شکار کر دے اور ہمارے جسم کے خود حفاظتی نظام میں رخنہ ڈال دے معمولی واقعات اور معمولات بھی ہمیں ذہنی دباؤ کا شکار بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے ذہنی دباؤ کے مقابلہ کے لئے جو نسخہ تجویز کیا ہے وہ یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو اچھے دوستوں کی صحبت میں رکھے۔ ایسا کرنے سے جسم اور ذہن کے لئے ضروری خود حفاظتی نظام جو کہ جسم کے اندر موجود ہے تقویت پکڑتا ہے اور ہمارے اچھے اور مخلص دوست فوری پریشانی کے موقع پر ہمارے لئے Buffer یعنی ڈھال کا کام کر جاتے ہیں۔ ایک اچھے دوست کی موجودگی کے ساتھ ساتھ، اچھی نیند ورزش اور بہتر خوراک بھی ان کی ترجیحات میں شامل ہیں۔

وہ کہتے ہیں کہ لوگ ذہنی دباؤ کا شکار ہو کر اچھی اور متوازن غذا کی طرف توجہ کرنے کی نسبت چائے سگریٹ اور کافی وغیرہ کا سہارا لینے کی کوشش کرتے ہیں جو کہ سراسر غیر مناسب ہے حالانکہ یہ وہ موقع ہوتا ہے جس وقت کہ جسم اور ذہن کو زیادہ بہتر غذا درکار ہوتی ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں کینیڈا کی برٹش کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر پیٹر ذہنی دباؤ کو کم کرنے یا اس کا مقابلہ کرنے کا کیا طریق بتاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب آپ اکیلے اور خاموش ماحول میں ہوتے ہیں تو اس وقت آپ کے اندر کے منفی رجحان میں کمی آتی ہے اور آپ کے اندر بیداری بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ آپ محسوس کریں گے کہ تنہائی اور اکیلے میں جو کہ محرکات کی کمی کا ماحول ہوتا ہے نہ صرف یہ کہ آپ کے اندر سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے بلکہ آپ کے اندر موجود تخلیقی قوت میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے اور ایک جذباتی ٹھہراؤ کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ بعض لوگ بند کمروں کی تنہائی کو پسند کرتے ہیں اور کچھ اکیلے میں سیر پر نکلنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ پروفیسر پیٹر کبھی کبھی انوکھا کام بھی کرتے ہیں کہ ذہنی دباؤ سے بچاؤ اور مقابلہ کے لئے وہ مکمل اندھیرے میں کچھ وقت گزارنا پسند کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ان کا تجربہ بتاتا ہے کہ ایسا کرنا ذہنی دباؤ اور گھٹن کو کم کر سکتا ہے۔

پروفیسر ماڈی کیلیفورنیا یونیورسٹی میں نفسیات کے پروفیسر ہیں ان کا کہنا ہے کہ غیر معمولی اور مشکل حالات میں سے بچ کر وہی نکلتا ہے جو کہ حالات کا مقابلہ کرتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آدمی کو ذہنی دباؤ کا مقابلہ کرنے کی شخصیت کا حامل ہونا چاہئے نہ کہ یہ کہ فوراً ہی اس کا شکار ہو جائے۔

وہ کہتے ہیں کہ پریشان کن صورت حال کو اپنے لئے باعث مصیبت نہ بننے دیجئے بلکہ حکمت عملی سے انہیں خوش کن لمحوں میں بدل دیجئے۔ شدید ذہنی دباؤ کے وقت نڈر بنیئے اور صورت حال سے نمٹنے کے لئے ڈانواں ڈول کی سی شخصیت کا مظاہرہ نہ کیجئے۔ پریشان کن صورت حال کو اپنے اوپر غالب نہ ہونے دیجئے بلکہ صورت حال پر خود چھا جایئے۔ اور ان کے مطابق ہر ایسی انہونی صورت حال سے آئندہ کے لئے کچھ نہ کچھ سیکھنے کی ضرور کوشش کیجئے۔

آخر پر ہارورڈ میڈیکل سکول کے شعبہ نفسیات کے ڈاکٹر بینسن سے ملتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ وہ ذہنی دباؤ کو کم کرنے کا کیا گر بتاتے ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ ذہنی دباؤ کو دور کرنے کے لئے ذہن میں کوئی فقرہ یا لفظ سوچ لیجئے اس حالت میں کہ آپ کمرے میں تسلی سے اور خاموش ماحول میں بیٹھے ہوئے ہوں۔ آنکھیں بند کر لیجئے اور جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیجئے۔ آہستہ آہستہ لمبے سانس لیجئے اور اپنے ذہن میں سوچے ہوئے الفاظ کو دہراتے ہوئے سانس کو باہر نکالیئے۔ ایسا کرتے کرتے اگر آپ کی سوچوں میں روزمرہ کے معمولات آنا چاہیں تو انہیں جھٹک دیجئے اور پھر سے اپنے سوچے ہوئے الفاظ کو دہرانا شروع کر دیجئے۔ وہ کہتے ہیں کہ ذہن پر دباؤ کو کم کرنے کے لئے ایسا دس سے بیس منٹ تک کرتے رہیئے۔

دنیا بھر میں ہونے والی جنگیں اور ان کے پس پردہ مقاصد

طاقت کے استعمال سے حکومتیں اور جغرافیے تبدیل ہوئے جس سے معاشرتی اور اقتصادی تبدیلیاں رونما ہوئیں

قسط اول

زمانہ قدیم سے تبدیلیوں کے لئے طاقت ناگزیر عنصر رہا ہے۔ طاقت کے استعمال سے حکومتیں اور جغرافیے تبدیل ہوئے، جس کے نتیجہ میں سماجی، معاشرتی اور اقتصادی تبدیلیاں رونما ہوئیں، تاریخ کے مختلف ادوار میں طاقت کا استعمال مختلف انداز میں ہوا، جسے لڑائی یا جنگ کا نام دیا گیا۔ درحقیقت یہ لڑائیاں یا جنگیں یک طرفہ طور پر شروع ہوتی ہیں، جب کوئی ایک طاقتور ملک اپنے مفادات کے لئے اپنی طاقت کے بل پر دوسرے ملک یا قبیلے کو جارحیت کا نشانہ بناتا ہے اور جارحیت کا شکار ملک اپنے دفاع کے لئے ہتھیار اٹھاتا، تو اسے جنگ کا نام دے دیا جاتا ہے، ان جنگوں کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے، جتنی خود انسان کی اپنی تاریخ ہے۔ مختلف ادوار میں جنگیں مختلف انداز اور مختلف ہتھیاروں کے ساتھ لڑی گئیں۔ ان جنگوں کو مختلف نام بھی دیئے گئے، مگر ان تمام جنگوں یا جارحیتوں کا مقصد صرف اور صرف ایک تھا۔ حکمرانی کی خواہش اور معاشی و مالی مفادات، انسانی تاریخ نے جس طرح مراحل طے کئے، اسی طرح طاقت کے استعمال اور جنگوں کے طریقہ کار بدلتے رہے۔ دست بہ دست لڑائی میں جسمانی طاقت کے استعمال سے لے کر پتھروں، لاٹھیوں، تلواروں، تیروں، رتھوں اور پھر بندوقوں، توپوں، بموں، میزائلوں، بحری اور ہوائی جہازوں اور ایٹمی و کیمیاوی ہتھیاروں کا استعمال سامنے آیا۔ اس طرح دو بدو لڑائی سے لے کر درجنوں اور سینکڑوں افراد کے گروہوں کے درمیان لڑائی تک اور پھر ہزاروں اور لاکھوں فوجیوں کے آمنے سامنے ہو کر معرکہ آرائی نے خوف ناک جنگوں کی صورت اختیار کی۔ ان جنگوں میں پہلے چند لوگ مارے جاتے تھے، پھر سینکڑوں، ہزاروں اور اب لاکھوں تک بات پہنچی۔ پہلے بستیاں، قلعے اور شہر تاراج ہوتے تھے، اب ملک کے ملک تباہ ہو جاتے ہیں۔

دنیا بھر میں ہونے والی جنگوں کا جائزہ لیا جائے، تو پتا چلتا ہے کہ قبل از تاریخ میں بھی وقتاً فوقتاً انسان برسر پیکار رہا ہے۔ قلمبند تاریخ کے باب کے باب جنگ وجدل سے بھرے پڑے ہیں۔ تین ہزار قبل مسیح سے آج تک، یعنی 5 ہزار سال کی جو تاریخ ملتی ہے، اس میں کوئی ایسا دور نہیں گزرا، جب کوئی جنگ نہ ہوئی اور نہ ہی کوئی ایسا خطہ باقی بچا، جو میدان جنگ نہ بنا ہو، مختلف ناموں سے اور مختلف مقاصد کے تحت ہونے والی یہ جنگیں درحقیقت حکمرانی اور معاشی مفادات کے مقصد کے تحت ہی لڑی جاتی تھیں، آج یہ بات کھل کر سامنے آچکی ہے کہ اب جنگوں کے پس پردہ دراصل وہ عناصر کارفرما ہوتے ہیں، جو کثیر القومی کمپنیوں اور عالمی مالیاتی اداروں کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ان کی منصوبہ بندی کے تحت جنگی حکمت عملیاں ترتیب دی جاتی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ دور حاضر میں یہ منصوبہ بندی دنیا کی دولت کو کنٹرول کرنے والی یہودی لابی کرتی ہے، جس نے دنیا پر حکمرانی کے لئے اپنے منصوبے کو ''نیو ورلڈ آرڈر'' کا نیا نام دیا ہے۔ کینیڈین مصنف رابرٹ اوڈرسکول کے مطابق نیو ورلڈ آرڈر یوں تو ایک اپنے مخصوص معنوں کے ساتھ بہت پہلے سے موجود تھا، تاہم سب سے پہلے اس جملے کا استعمال جدید انداز میں 1776ء میں Illuminati نے کیا۔ یہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا ایک خفیہ گروپ تھا، جو یورپ اور امریکہ کی اقتصادیات پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ یہ سب کے سب یہودی تھے۔ مصنف کے مطابق وائٹ ہاؤس امریکہ میں وڈرونسن، فرینکلن ڈی روزویلٹ، آئزن ہاور، جارج بش اور بعض دیگر افراد اس گروپ کی کٹھ پتلیاں تھے۔ اس گروپ نے 20ویں صدی میں تین عالمی جنگوں کی پیش گوئی بھی کی تھی۔ اس کی پیش گوئی کے مطابق دو عالمی جنگیں روایتی انداز میں لڑی جا چکی ہیں۔ تیسری عالمی جنگ کے لئے اس گروپ کا کہنا تھا کہ ضروری نہیں کہ وہ روایتی جنگ ہو، مگر یہ جنگ یہودیوں اور عربوں کے درمیان پیدا کیے گئے اختلافات کے نتیجے میں ہوگی، جو سامنے نظر آ رہی ہے۔

تاریخ کے دو حصے

5 ہزار سالوں کی جنگوں کی تاریخ کو اگر ہم دو حصوں میں تقسیم کر کے جائزہ لیں، تو ابتدائی چار ہزار برسوں میں ہونے والی جنگیں قبائلی و نسلی اور مذہبی نوعیت کی تھیں۔ اس دوران جنگی ہتھیاروں نے کوئی خاطر خواہ ترقی نہیں کی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ایک ملک سے کوئی مہم جو ہزاروں کا لشکر لے کر کسی مہم پر نکلتا، تو اپنے تخت مقام پر کئی برس بعد واپس پہنچتا تھا، تاہم بعد کے ایک ہزار سال کے دوران ہونے والی جنگوں میں زیادہ شدت او زیادہ تباہی نظر آتی ہے۔ اس دوران جنگی ہتھیاروں کی نمایاں ترقی، بارود کی تیاری اور اس کے استعمال سے لے کر آج کیمیاوی ہتھیاروں کی تیاری تک کا مرحلہ اس دور کی ترقی ہے۔

دنیا بھر میں ہونے والی جنگوں اور اس کے بعد کے حالات واثرات سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ان جنگوں کے پس پردہ مقاصد خالصتاً معاشی و اقتصادی ہی تھے اور یہ مفادات حاصل کرنے کے لئے اس خطے میں حکمرانی ضروری تھی، جہاں سے یہ مقاصد اور مفادات حاصل کئے جا سکیں۔ ابتدائی ادوار کی جنگیں جنہیں مہم جوئی، یلغار، چڑھائی اور پھر فتوحات کا نام دیا گیا، ان تمام جنگوں کا نتیجہ یہی نکلا۔ کسی ملک یا قبیلے سے کسی مہم جو نے اٹھ کر پڑوسی ممالک پر لشکرکشی کی اور جہاں تک ممکن ہوا، وہ ملکوں کو تاراج کرتا چلا گیا، جو ملک اس کے زیر تسلط آیا، وہاں اپنے لوگوں کو حاکم مقرر کیا اور اس کی رعایا کو غلاموں کی حیثیت سے جنگ کے نتیجے میں تباہ ہونے والے ملک کی تعمیر نو پر لگا دیا اور اس ملک کی دولت کو اپنے مرکز کی طرف منتقل کرا دیا۔ آج یہ طریقہ ذرا تبدیل ہو گیا ہے، آج یہ کام کثیر القومی کمپنیاں اور عالمی مالیاتی ادارے کرتے ہیں۔ ان کمپنیوں اور اداروں کو وہی لوگ کنٹرول کرتے ہیں، جو ان جنگوں کی منصوبہ بندی بھی کرتے ہیں۔ افغانستان اور عراق اس کی تازہ ترین مثالیں ہیں۔

جنگوں کی تاریخ کو جس طرح دو ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے، اسی طرح یہ کرۂ ارض بھی تقسیم رہا ہے۔ ابتدا کے دور میں روم، فارس، یونان، ایران، عرب، مصر، چین، ہندوستان سے مہم جو اٹھے اور ایک دوسرے پر حملے کئے اور مختلف خطوں پر قبضے کئے۔ دوسرے دور میں برطانیہ، فرانس، جرمنی، روس، پولینڈ، پرتگال، جاپان اور امریکہ نے دنیا پر حکمرانی کے لئے جنگیں لڑیں۔

جنگوں کا مختصر جائزہ

دنیا پر حکمرانی کے لئے ہونے والی مہم جوئی کا اجمالی جائزہ لینے سے پتا چلتا ہے کہ تقریباً پونے تین ہزار سال قبل مسیح میں سامی لورما نے بحیرۂ فارس سے بحیرۂ روم تک ان کے ارد گرد اپنی حکومت بنائی۔ 1600 قبل مسیح میں مصر اور بابل ونینوا کی تاریخ ہے، جہاں کی حکومتیں برسر پیکار رہیں۔ 400 سے 600 قبل مسیح تک آبادی کا وہ دور تھا، جس نے مصر سے لے کر ایران اور ایشیائے کوچک تک اور ہندوستان میں وادیٔ سندھ تک حکمرانی کی۔ دنیا کی تاریخ میں سکندر اعظم کا نام پانے والے سکندر کا دور صرف 7 سال پر محیط ہے، تاہم اس نے 400 قبل مسیح میں نصف سے زائد دنیا پر اپنا جھنڈا لہرایا۔ اس طرح سلطنت روم اور سلطنت فارس کی چپقلش عروج پر رہی۔

ساتویں صدی میں بنو امیہ کی حکومت بننے کے بعد سے روم اور فارس کا مقابلہ اسلامی مملکتوں سے ہوتا رہا۔ یہ سلسلہ 20ویں صدی میں حکومت عثمانیہ تک جاری رہا۔ بنو امیہ سے لے کر خلافت عثمانیہ کے دور تک مسلمانوں نے دنیا کے وسیع خطے پر حکمرانی کی۔ عرب، ایران، ہندوستان، یورپ اور ایشیا تک ان کی حکمرانی تھی۔ مسلمانوں کے اس دور میں صلیبی جنگیں اور منگولوں سے لڑائی کے علاوہ ہندوستان پر ایک ہزار سال کی حکمرانی کا دور بھی شامل ہے۔ 12ویں اور 13ویں صدی میں یروشلم پر قبضے کے لئے عیسائیوں نے جو جنگیں لڑیں، انہیں صلیبی جنگوں کا نام دیا گیا۔ 1187ء میں تیسری صلیبی جنگ عیسائیوں کے خلاف صلاح الدین ایوبی نے لڑی اور کامیابی حاصل کر کے بیت المقدس کو آزاد کرایا۔ صلاح الدین ایوبی کرد ترک تھا، جس نے مصر سے لے کر یروشلم تک فتوحات کیں۔ دوسری طرف خراسان، افغانستان اور ہندوستان میں بھی مسلمانوں نے متعدد حملے کئے اور ان پر اپنی حکومتیں قائم کیں۔ دسویں صدی میں محمود غزنوی نے ہندوستان پر اپنا پرچم لہرایا۔ وہ خراسان افغانستان سے ہوتا ہوا شمالی ہندوستان میں آیا۔ محمود غزنوی نے، جسے بت شکن کے نام سے تاریخ میں یاد کیا جاتا ہے، ہندوستان میں سومنات کے مندر پر 17 حملے کئے تھے۔ ہندوستان میں کئی مسلمان خاندانوں نے حکومتیں کیں۔ ان میں غزنی خاندان 961ء تا 1186ء، خلجی خاندان 1290ء تا 1320ء، تغلق خاندان 1320ء تا 1494ء، سادات خاندان 1414ء تا 1451ء لودھی خاندان 1451ء تا 1526ء سوری خاندان 1540ء تا 1555ء اور مغل خاندان 1526ء تا 1857ء حکمران رہا۔ اس سے قبل ساتویں صدی میں محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کر کے اور سندھ کے حکمران راجہ داہر کو شکست دے کر یہاں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی تھی، جس کے بعد سے اس خطے میں اسلامی تعلیمات کو پھلنے پھولنے کے مواقع میسر آئے۔

ایک طرف یہ صورت حال تھی، تو دوسری طرف تیرہویں صدی میں چین سے ایک لشکر اٹھا، جس نے ظلم و بربریت کی ایک نئی تاریخ رقم کی۔ چین کے شمال میں آباد تاتار قوم نے، جو خانہ بدوشوں اور گھڑ سواروں کا قبیلہ تھا، خود کو چین سے آزاد کرایا اور ترک قبائل کے ساتھ مل کر فتوحات کیں اور سائبیریا کو اپنا مرکز بنایا۔ 1214ء میں چنگیز خان کو منگول اتحاد کا سربراہ بنایا گیا، جس نے اپنی مہم جوئی کے ذریعے ایران، افغانستان، ہندوستان، ترکستان، آرمینیا، ہنگری، کو

اپنے قبضے میں لے لیا۔ اس کی حکومت بحرالکاہل سے ڈینیُوب تک پھیل گئی۔ چنگیز خان جہاں بھی گیا، اس نے قتل و غارت گری کا بازار گرم کر دیا۔ 1214ء میں جرمنی اور پولینڈ کی فوجوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔ چنگیز خان کے پوتے ہلاکو خان نے ایران وشام کو فتح کیا۔ بغداد کو تباہ و برباد کر دیا۔ اس کا نہری نظام، جو دنیا میں ایک مثال تھا، اسے تباہ کر دیا، تاہم 1260ء میں ہلاکو خان کی فوجوں کو فلسطین کے مقام پر شکست ہوئی۔ وہ مصر میں داخل نہیں ہوسکیں۔ اس ناکامی کے بعد منگول خاندان کی شان وشوکت روبہ زوال ہوگئی۔ منگول جہاں جہاں گئے، وہاں کی بودوباش اختیار کرلی اوران میں سے کچھ بدھ ہوگئے اور کچھ مسلمان۔ 1280ء میں قبلائی خان سے باضابطہ طور پر چین کا شہنشاہ بن گیا، اس طرح منگولوں کا دور 1214ء سے 1363ء پر محیط ہے۔ منگولوں کی مسلمان ہونے والی نسل سے مغل بادشاہ ظہیرالدین بابر تھے، جنہوں نے ہندوستان فتح کرکے دوسو سال تک مغل خاندان کی حکمرانی کی بنیاد رکھی۔

تیرہویں اور چودھویں صدی عیسوی میں جہاں ایشیا میں منگول خاندان عالمی حکمرانی کے لئے سرگرداں تھا، وہاں یورپ کے کئی ممالک اپنی نئی ایجادات کے باعث نئی منڈیوں کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ وسطی یورپ میں شدید خلفشار تھا اور مغربی یورپ خاص طور سے ولندیزی، اسکنڈے نیوین، ہسپانوی، پرتگیزی، فرانسیسی اور برطانوی اسی برتری اور حکمرانی کے لئے سمندروں کو پار کرتے ہوئے دیگر ممالک تک پہنچ رہے تھے۔ 1497ء میں واسکوڈے گاما لزبن سے روانہ ہو کر موزمبیق سے ہوتا ہوا ہندوستان میں کالی کٹ کے مقام پر پہنچا۔ اس کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی بھارت میں آئی۔ اٹھارہویں صدی کے آغاز پر برطانیہ اور فرانس دو بڑی طاقتیں تھیں۔ 1701ء سے 1707ء کے درمیان ان کے درمیان اسپین پر حاکمیت کے لئے ایک بڑی جنگ ہوئی، جس میں فرانس کو شکست ہوئی۔ اس وقت برطانیہ دنیا میں واحد سپر طاقت کے طور پر سامنے آیا۔ برطانیہ اور فرانس کے درمیان ایک اور جنگ 1740ء تا 1747ء میں ہوئی۔ یہ آسٹریا پر قبضے کی جنگ تھی۔ اس میں پھر فرانس کو شکست ہوئی۔ 1763ء تا 1765ء میں ان دونوں ممالک کے درمیان تیسری جنگ ہوئی۔ 19ویں صدی میں فرانس کی قیادت نپولین کے ہاتھ میں آئی، تو فرانس ایک مرتبہ پھر ایک بڑی طاقت بن کر ابھرا۔ اس نے برطانیہ سے اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے 1803ء میں پھر جنگوں کا آغاز کیا۔ فرانس نے اسپین، برطانیہ، پروشیا اور آسٹریا کو شکت دی، مگر وہ برطانیہ کی بحری عسکری برتری کو شکست نہیں دے سکا۔ نپولین کے بعد فرانس کی حالت پھر خراب ہوگئی۔ یوں یورپ میں برطانیہ کی برتری رہی، ادھر ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی آڑ میں برطانیہ نے 1857ء میں آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کو شکست دے کر پورے ہندوستان پر اپنا جھنڈا لہرادیا تھا۔ امریکہ کی واحد بڑی جنگ، امریکہ کی جنگ آزادی تھی، جو اس کی سرزمین پر لڑی گئی۔ یہ برطانیہ اور فرانس کے تسلط سے آزادی کی جنگ تھی، جو 1775ء سے 1783ء تک لڑی گئی۔ اس جنگ کے نتیجے میں امریکہ کی 13 ریاستیں آزاد ہوئیں اور خودمختار ہوکر انہوں نے ریاست ہائے متحدہ امریکہ تشکیل دی۔

جنگ عظیم اول اور دوم

جنگ عظیم اول 1914ء - 1917ء کے درمیان دو بڑے گروپوں کے درمیان لڑی گئی، جس میں جرمن اتحاد کو شکست اور برطانوی اتحاد کو فتح حاصل ہوئی۔ اس طرح دوسری جنگ عظیم 1939ء سے 1945ء تک لڑی گئی۔ اس میں ایک طرف جرمن اتحاد تھا، جس میں اٹلی، جاپان اور رومانیہ تھے اور خلافت عثمانیہ نے ان کا ساتھ دیا تھا، دوسری طرف برطانیہ کی قیادت میں روس، فرانس اور امریکہ تھے۔ اس جنگ میں بھی برطانوی اتحاد کو فتح حاصل ہوئی اور تاریخ کا وہ ہولناک اور افسوس ناک دن بھی آیا، جب امریکہ نے جاپان کے شہر ناگاساکی اور ہیروشیما پر ایٹم بم گرا کر ہزاروں افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد

دوسری جنگ عظیم کے بعد بھی دنیا کے مختلف حصوں میں مسلسل جنگیں ہوتی رہی ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان پہلی جنگ 1948ء، 1947ء کے درمیان ہوئی۔ دوسری جنگ 1965ء اور تیسری جنگ 1971ء میں۔ ان جنگوں کے نتیجے میں لائن آف کنٹرول بنی اور تیسری جنگ کے نتیجے میں بنگلہ دیش وجود میں آیا۔ بھارت چین جنگ 1962ء میں ہوئی۔ 49-1948ء میں عرب اسرائیل جنگ، 1956ء میں سویز کی جنگ، 1984ء میں اسرائیل لبنان جنگ، 81-1980ء میں ایران اور عراق کے درمیان، 91-1990 میں کویت کے مسئلے پر عراق کی جنگ، 2003ء میں امریکہ اور عراق کی جنگ ہوئی۔ 1991ء میں بلقان کی تیسری جنگ ہوئی، جس کے نتیجے میں یوگوسلاویہ ٹوٹ گیا اور سلووینیا اور کروشیا نے بلغراد حکومت سے آزادی کا اعلان کیا۔ 95-1992ء میں بوسنیا کی جنگ ہوئی، جس میں کروشیا، یوگوسلاویہ، سرب اور نیٹو شامل تھے۔ 1992ء میں بوسنیا نے یوگوسلاویہ سے علیحدگی اور آزادی کا اعلان کیا۔

جنگوں کے نتیجے میں ہونے والی تبدیلیاں

اوپر تحریر کردہ جنگوں کی مختصر تاریخ یہ بتاتی ہے کہ دنیا مسلسل جنگوں کا شکار رہی ہے اور جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے کہ ان جنگوں کے نتیجے میں حکومتوں کے ساتھ معاشرت اور سماجی ڈھانچوں میں تبدیلی آئی اور مذہبی اثرات بھی ہوئے۔ ابتدائی جنگوں کا جائزہ لیں، تو جہاں کہیں یونانی، ایرانی، آریائی، سامی پہنچے، انہوں نے اپنا اثر و رسوخ پیدا کیا اور مقامی آبادی کو اپنے انداز میں ڈھالا۔ بعد میں عیسائی جنگجوؤں نے بھی ایسا کردار ادا کیا۔ انہوں نے مفتوح قوموں کو اپنا مذہب اور رہن سہن اختیار کرنے پر زور دیا۔ مسلمان جہاں گئے، وہاں کے لوگوں نے اسلام قبول کیا اور مسلمان کے رہن سہن کے طریقے اپنائے۔ ہندوستان اس کی ایک بڑی مثال ہے، جو ہر اعتبار سے مسلمانوں کی بودوباش، جو عرب سے شروع ہوئی تھی، مختلف تھی، مگر جب وہاں بزرگان دین پہنچے اور اسلامی حکومتیں قائم ہوئیں، تو مذہب کے ساتھ ساتھ لباس، رہن سہن اور زبان بھی بدلی۔ عربی اور فارسی نے عروج پایا۔ مسلمانوں کے بعد جب انگریز ہندوستان آئے، تو انہوں نے بھی گہرے نقوش چھوڑے۔ بڑی تعداد میں لوگ عیسائی بنے۔ پینٹ شرٹ اور کوٹ کا استعمال عام ہوا۔ انگریزی زبان کا استعمال بڑھا۔ دنیا بھر کے فاتحین، خواہ وہ عیسائی ہوں یا مسلمان، آریائی ہوں یا یونانی یا ایرانی یا عرب، چینی ہوں یا ترک، سب نے مفتوحہ علاقوں میں مختلف سماجی نظام متعارف کرانے اور اپنے فن تعمیر، ثقافت، ادب وغیرہ کو فروغ دیا۔ بڑی بڑی عمارتیں، قلعے، درس گاہیں، عبادت گاہیں تعمیر کرائیں، سڑکوں اور نہروں کا جال بچھانے اور ان علاقوں میں اپنی مرضی کے مطابق اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دیا، تاکہ وہاں سے زیادہ سے زیادہ اقتصادی فوائد حاصل کئے جاسکیں۔ ان کوششوں کے ساتھ ان ممالک میں ایک ایسی ورکنگ کلاس پیدا ہوئی، جس نے آگے چل کر اس سامراجیت اور استعماریت کے خلاف انقلابیوں کا کردار ادا کیا اور سامراج کو اپنے ممالک سے بھاگنے پر مجبور کر دیا۔

بیسیویں صدی میں ہونے والی دو عالمی جنگوں کے نتیجے میں جغرافیے بہت تبدیل ہو گئے، پہلی جنگ عظیم کے بعد مسلمانوں کی عظیم سلطنت خلافت عثمانیہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی اور روس میں اشتراکی انقلاب برپا ہوا۔ ساتھ ہی مختلف ممالک میں آزادی کی تحریکیں شدت اختیار کرنے لگیں۔ عرب، افریقہ اور ایشیا، ان ممالک میں آزادی کی تحریکیں زیادہ شدت اختیار کر گئیں، جہاں فرانسیسی اور برطانوی سامراج کا تسلط تھا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد ان تحریکوں کو کامیابی حاصل ہوئی۔ متعدد ممالک آزاد ہوئے، کئی عرب ریاستیں وجود میں آئیں۔ ہندوستان تقسیم ہوا اور بھارت اور پاکستان وجود میں آئے۔ چینی انقلاب کامیاب ہوا، اس طرح قوموں کی جدوجہد آزادی کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔

جنگوں کے پس پردہ مقاصد

تاریخ سے پتا چلتا ہے کہ جہاں کہیں کسی ملک نے دوسرے ملک پر قبضہ کیا یا اسے فتح کیا، تو وہاں کی مال و دولت اس کے ہاتھ میں آئی یا تعمیرنو کے نام پر قرضے اور ٹھیکے دولت بنانے کا ذریعہ بنے۔ تجارتی بالادستی کے فیصلے جنگ کے میدانوں میں ہوتے رہے ہیں اور جب تک یہ ناجائز منافع کمانے اور ناجائز طور پر دولت کے حصول کی دوڑ رہے گی، ایسی جنگیں ہوتی رہیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ برطانیہ نے آدھی سے زیادہ دنیا پر قبضے کے لئے زیادہ تر وقت جنگ کے میدانوں میں گزارا۔ اس طرح جرمنی کو بھی اقتصادی طاقت بننے کے لئے سیاسی اور عسکری میدانوں میں برسرپیکار رہنا پڑا۔ آج امریکہ بھی ایسا ہی کر رہا ہے، پہلے امریکہ کو اپنی معاشی آزادی کے لئے جنگ لڑنا پڑی، پھر موجودہ اقتصادی طاقت حاصل کرنے کے لئے کئی قوموں اور نسلوں کو خاک وخون میں نہلانا پڑا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق امریکہ کو اپنی جنگ آزادی سے 70ء کی دہائی تک 2340 مہینوں میں 1782 مہینے جنگ کی حالت میں گزارنا پڑے، جو کل مہینوں کا تین چوتھائی ہے۔ 1800 سے 1939ء تک کے اعداد وشمار کے مطابق مرکزی اخراجات کا 54 فی صد عسکری تیاری اور دفاعی اخراجات کی نذر ہو جاتا تھا۔ بعض اوقات یہ بجٹ 70 فی صد سے بھی زیادہ رہا ہے۔ یہ سب کچھ اس تاجرانہ ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے، جو دنیا بھر کے سرمائے پر قبضے کے لئے عظیم سلطنت کے قیام کے لئے کوشاں ہے۔

فری میڈیکل چیک اپ واقفین نو

